Funded by the European Union

Government of Sindh

unicef for every child



# Teacher Training Module:

# Urdu

## Learning Cycle Fifteen

"تدریسِ نظم"

Sindh Technical Assistance – Development through Enhanced Education Programme (STA-DEEP)

Sukkur IBA University

THE AGA KHAN UNIVERSITY

School Education & Literacy Department (SE&LD)

Government of Sindh

## Introduction and Rationale of the Training

### محترم اساتذہ!

محکمہ تعلیم اسکول وخواندگی (SL & ED) حکومت سندھ، مسلسل پیشہ ورانہ تربیت (CPD) کے پروگرام برائے اساتذہ میں آپ کو خوش آمدید کہتا ہے۔ مسلسل پیشہ ورانہ تربیت (CPD) کا یہ پروگرام برائے اساتذہ حب اسکول کلسٹر کی بنیاد پر تشکیل دیا گیا ہے۔ جو اسکول کلسٹرنگ پالیسی (نظر ثانی شدہ) 2021 اور CPD ماڈل 2022 کے تحت منعقد کیا جا رہا ہے۔
متن ومواد (Content) کی بنیاد پر تعلیمی سلسلوں (Content -Based Learning Cycles) کا یہ مرحلہ 11 سے 20 تعلیمی سلسلوں (Learning Cycles) پر مشتمل جو متن ومواد (Content) پر مبنی کمرہ جماعت کی تدریس کے حوالے سے آپ کی معلومات ومہارات میں مزید اضافے کے لیے تشکیل دیا گیا ہے۔ ابتدائی 10 سلسلے (Learning Cycles) طریقہ ہائے تدریس میں بہتری پر مرکوز تھے تاکہ طلبہ کے لیے کمرہ جماعت کو دروں فعال (Interactive) شراکتی (Participative) اور پُر لطف بنایا جاسکے۔ تعلیمی سلسلے (Learning Cycles) نمبر 11 سے 20 ریاضی، سائنس، انگریزی، اردو اور سندھی کے مضامین میں جماعت اول تا ہشتم کے طلبہ کو کمرہ جماعت کا ایک منظّم طریقہ کار فراہم کریں گے جو جدید تدریسی تدابیر اور مذکورہ مضامین کی مؤثر معلومات سے پُر ہو گا۔

### ہمارا نصب العین

CDP پروگرام سندھ بھر کے اسکولوں میں تدریسی عمل کو بہتر بنانے کی کی جانب مرتکز ہے. تاکہ طلبہ متحرک، مل جل کر سیکھنے والے، تدریسی عمل میں درپیش مسائل حل کرنے والے اور باریک بین بن سکیں۔ اور جو تفویض کردہ کاموں کو پر اعتماد اور تخلیقی انداز میں انجام دے سکیں۔ یہ تعلیمی سلسلے (Content-Based Learning Cycles) طلبہ کو مضامین کی معلومات واضح طور پر سمجھنے اور حاصل شدہ اس معلومات ومہارات اپنے ارد گرد کی دنیا سے مربوط کرنے میں معاون ثابت ہوں گے۔
اس امر کو یقینی بنانے کے لیے اساتذہ کو طریقہ ہائے تدریس اور متعلقہ مضامین کی معلومات کو کمرہ جماعت میں استعمال کے لیے بہتر طور پر تیار کرنا انتہائی ضروری ہے۔ مزید یہ کہ یہ پروگرام اسکول حب اسکول کلسٹر کے ذریعے ارد گرد اسکولوں کے اساتذہ کی سطح پر خصوصی تربیت فراہم کرے گا جو مؤثر انداز میں طلبہ کے تعلمی حاصلات (learning outcomes) میں واضح اضافے کا سبب بنے گا۔

## ہمارا فلسفہء تدریس

CPD کی تربیتی نشستیں، بہ شمول ہٰذا، شراکتی تدریسی فلسفے سے منسلک ہیں۔ یہ طریقہ مل جل کر سیکھنے کے عمل میں شرکا کی سرگرم شرکت کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ جو خود انعکاسی (self - Reflecting) اور "ہم رتبہ انعکاسی" کرتے ہوئے مشق و عمل کرنے (Peer Reflection ) والوں کا ایک حلقہ تخلیق کرتا ہے۔

اس پروگرام کا مقصد تدریسی عمل میں اضافہ کیا جائے، مضامین کے مواد و معلومات کی تفہیم کو فروغ دیا جائے اور ایسی تدابیر وضع کی جائیں جو ہمیں اُس منزلِ مقصود اور نصب العین تک رسائی دے گی جہاں طلبہ سیکھے گئے تصوّرات اور حاصل کردہ معلومات کو اپنی روزمرہ زندگی میں بھرپور اعتماد اور مکمل دسترس کے ساتھ استعمال کر سکیں گے۔

## آن لائن CPD پورٹل برائے اساتذہ

ماہرین سے سوالات کرنے، تبادلۂ خیالات اور ان تعلیمی سلسلوں (Learning Cycles) کو منعقد کرنے میں اپنے تجربات اور مشکلات بیان کرنے کی غرض سے اساتذہ کے لیے آن لائن پورٹل تشکیل دیا گیا ہے۔ https://stadeep-cpd.com/

**نوٹ:** تعلیمی سلسلے (Learning cycles ) محکمہ تعلیم اسکول وخواندگی (SL & ED) حکومتِ سندھ کے اشتراک سے تشکیل دیے گئے ہیں۔ جن میں پائٹ اور اسٹیڈا (STEDA-PITE) کے زیرِ نگرانی اردو کا منظور شدہ نصاب ودرسی کتب برائے جماعت اوّل تا ہشتم پیش نظر رکھی گئی ہیں۔ اردو درسی کتاب برائے اوّل تا ہشتم بہ طور حوالہ تعلیمی سلسلوں (Learning Cycle) میں استعمال کی گئی ہیں۔

## اظہارِ تشکّر

یہ کتابچہ پروونشل انسٹی ٹیوٹ آف ٹیچر ایجوکیشن (PITE) کی ہدایت کی روشنی میں آئی بی اے سکھر یونی ورسٹی (Sukkur IBA University)اور آغا خان یونی ورسٹی انسٹی ٹیوٹ فار ایجوکیشنل ڈویلپمینٹ (AKU-IED)نے تشکیل و ترتیب دیا گیا ہے۔ اس عمل میں یونیسف(UNICEF) نے STA-DEEP کے تحت تکنیکی معاونت کی ہے۔ نیز اس کی تشکیل میں یورپی یونین (European Union) نے مالی معاونت فراہم کی ہے۔

**ہم درج ذیل معاونین کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں:**

| | |
|---|---|
| جناب سید رسول بخش شاہ | ایگزیکیوٹو ڈائریکٹر، سندھ ٹیچرز ایجوکیشن ڈولپمنٹ اتھارٹی(STEDA)کراچی |
| محترمہ نصرت فاطمہ کلہوڑو | ڈائریکٹر جنرل پروونشل انسٹی ٹیوٹ آف ٹیچر ایجوکیشن (PIET)شہید بے نظیر آباد |
| جناب عنایت اللہ شیخ | ایڈیشنل ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف ٹیچرز ٹریننگ انسٹیٹیوٹ سندھ، حیدرآباد |
| جناب ڈاکٹر الطاف حسین سموں | ڈائریکٹر ایگزیکیوٹو ڈولپمنٹ سینٹر، سکھر آئی بی اے یونی ورسٹی، سکھر |
| جناب ڈاکٹر تکبیر علی | ایسوسی ایٹ پروفیسر اینڈ ڈائریکٹر آؤٹ ریچ، آغا خان یونی ورسٹی، کراچی |
| جناب عبدالمجید بھرُٹ | ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف کریکولم، اسسمنٹ اینڈ ریسرچ، جام شورو |
| جناب پروفیسر محمد وسیم مغل | پرنسپل گورنمنٹ ایلی مینٹری کالج آف ایجوکیشن (وومین)، میرپور خاص |
| جناب اللہ نواز عامر چنا | سینئر انسٹرکٹر، پائٹ سندھ، نواب شاہ |

| | |
|---|---|
| جناب محمد سُہیل شیخ | موڈیول ڈیویلپر، سکھر آئی بی اے یونی ورسٹی |
| جناب سید کامران شاہ | پروجیکٹ کو آرڈینیٹر، سکھر آئی بی اے یونی ورسٹی |
| محترمہ رابعہ بتول | پروجیکٹ مینیجر، سکھر آئی بی اے یونی ورسٹی |
| محترمہ عبیر مقبول | ایجوکیشن مینیجر، یونیسیف |
| جناب آصف ابرار | ایجوکیشن اسپیشلسٹ، یونیسیف |
| جناب ڈاکٹر پرویز پیرزادو | ایجوکیشن آفیسر، یونیسیف |
| جناب آفتاب احمد نظامانی | نیشنل ٹیچرز پروفیشنل ڈویلپمنٹ کنسلٹنٹ، یونیسیف |

# "تدریسِ نظم"


**حاصلاتِ تعلم:** اس تربیتی نشست کے اختتام پر شرکاء اس قابل ہو جائیں گے کہ؛





- تدریسِ نظم کا تصور اور افادیت بیان کر سکیں۔
- درسی کتب میں شامل منتخب نظموں کی مؤثر تدریس کے لیے معاونات تیار کر سکیں۔
- تدریسِ نظم کے حوالے سے حاصل شدہ معلومات پر اپنے تجزیاتی تاثرات بیان کر سکیں۔

## Session Plan یومیہ کارروائی

Instructional strategies/activities درسی تدابیر / سرگرمیاں

| Materials/resources<br>درکار اشیاء | Activities/learning experiences<br>سرگرمیاں | Objective/purpose of the activity<br>سرگرمی کے مقاصد | Time<br>وقت |
|---|---|---|---|
|  | **ذہنی آمادگی**<br>شرکاء کو بتائیے کہ آج میں آپ کے سامنے ایک نظم پیش کروں گا/گی آپ نظم پڑھنے کے انداز اور اس کی خصوصیات پر غور کریں۔<br>اردو کی کوئی بھی نظم منتخب کر کے اسے ترنم یا تحت اللفظ میں پڑھیے۔۔۔<br>نظم کے اختتام پر شرکا سے نظم پڑھنے کے انداز اور خصوصیات پر تبصرہ کرائیے۔<br>شرکا کے جوابات کی تلخیص کرتے ہوئے درج ذیل وضاحت کیجیے۔<br>"ابتدائی سطح پر نظم کا زیادہ تر تعلق لے، آہنگ اور قافیہ آرائی سے ہوتا ہے۔ بچے نظم کے آہنگ اور ترنم میں زیادہ دل چسپی لیتے ہیں اور اس کے قافیوں سے لطف اُٹھاتے ہیں۔<br>اسی لیے ضروری ہے کہ نظم کی تدریس میں نظم کی ان خصوصیات کو پیشِ نظر رکھا جائے" | • اساتذہ تدریسِ نظم کے بارے میں اپنی معلومات بیان کر سکیں گے۔<br> | <br>15 mins |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 25 Mins | • اساتذہ تدریسِ نظم کی سرگرمیاں بیان کرسکیں گے۔  | **گروہی سرگرمی (Group Activity)**<br>) شرکا کو چار گروہوں میں تقسیم کیجیے اور اُن سے کہیے کہ "ہینڈ آؤٹ نمبر 1 بہ عنوان "اردو نظم کی تدریس" پڑھیں، سمجھیں اور اپنے تفہیمی نکات چارٹ پر تحریر کرکے کمرۂ جماعت میں پیش کریں۔ |   |
| 15 Mins | • اساتذہ تدریسِ نظم کی سرگرمیاں بیان کرسکیں گے۔<br>• | **گروہی پیش کش 1(Group Presentation)**<br>تمام گروہوں (Groups) کی باری باری پیش کش کرائیے اور ہر پیش کش کے بعد اپنی تعمیری باز رسی (Constructive Feedback) فراہم کیجیے۔ |  |
| 10 mins | | BREAK | |
| 20 Mins | • اساتذہ تدریسِ نظم کی سرگرمیاں بیان کرسکیں گے۔ | **گروہی سرگرمی (Group Activity)**<br>شرکا کو آٹھ گروہوں میں تقسیم کیجیے اور ہر گروپ کو جماعت اوّل تا ہشتم، ایک ایک اردو درسی کتاب دیجیے اور ہدایت کیجیے کہ گزشتہ سرگرمی میں اردو نظم کی تدریس کے جو اقدامات شرکا نے سمجھے اس کی روشنی میں درسی کتاب سے کوئی نظم منتخب کرکے مختصر تدریسی سرگرمی تشکیل دیں اور کمرۂ جماعت میں پیش کریں۔ |   |

| | | | |
|---|---|---|---|
|  15 mins | • اساتذہ تدریس کی مختلف سرگرمیوں کی عملی مشق کا مظاہرہ کریں گے | **گروہی پیش کش 1(Group Presentation)**<br>تدریس نظم پر گروہی بنیاد پر تیار کی گئی تدریسی سرگرمیوں کی پیشکش کرائیے اور ہر پیش کش پر اپنی تعمیری رائے دیجیے۔ |  |
|  20min | • اساتذہ تدریسِ نظم کی سرگرمیوں پر اپنی معلومات و تاثرات کا اظہار کریں گے۔ | • **اختتامی سرگرمی**<br>شرکا سے کہیے کہ انفرادی طور پر آج کے تربیتی دن تدریس نظم کے حوالے سے اپنے حاصلات "یک صفحاتی تاثرات" کی صورت میں تحریر کر کے سوفٹ بورڈ پر آویزاں کریں۔<br>جب تمام شرکا تاثرات تحریر کر کے بورڈ پر چسپاں کر دیں تو ایک گیلری واک (Gallery Walk) کروائیے۔<br>آخر میں تدریس نظم کے حوالے سے اہم نکات کا خلاصہ پیش کیجیے۔ | <br>نوٹ بُک<br>پین / پینسل |

# اردو نظم کی تدریس

نظم، آہنگ، شعریت، جذبات، لے اور نغمگی کی ملی جلی کیفیت کا اظہار ہے۔ شاعری کیا ہے نظم و نثر میں کیا فرق ہے؟ زندگی اور شاعری کا باہمی کیا تعلق ہے؟ ہم نظم کیوں پڑھاتے ہیں؟ اس کا طلبہ کی زندگی سے کیا تعلق ہے؟ طلبہ کی تربیت میں اس کا کتنا کردار ہے اردو کے نصاب میں اس کا کتنا حصہ ہے؟ اور کس قدر ہونا چاہیے؟ ایسے بے شمار سوالات ہیں جو تدریسِ نظم کے ساتھ ہی ہمارے ذہن میں آتے ہیں۔

تدریسِ اردو میں نظم کا کتنا حصہ ہونا چاہیے اور درسی کتابوں میں کتنی نظمیں شامل ہونی چاہییں اس کے بارے میں کوئی فارمولا تو پیش نہیں کیا جا سکتا۔" تاہم عام عام طور پر کتاب کے ایک چوتھائی اسباق نظم پر مشتمل ہوتے ہیں ان میں حمد، نعت، ترانے، اخلاقی یا قدرتی مظاہر کے حوالے سے نظمیں شامل ہیں۔

ابتدائی سطح پر نظم کا زیادہ تر تعلق لے، آہنگ اور قافیہ آرائی سے ہوتا ہے۔ بچے نظم کے آہنگ اور ترنم میں زیادہ دل چسپی لیتے ہیں اور اس کے قافیوں کی اصوات سے لطف اٹھاتے ہیں۔ نثر کے مقابلے میں طلبہ کو نظم کی تربیت، ردیف قافیے کی پابندی، تلفظ کی ادائی اور وزن و آہنگ کی بندش سے آشنا کرنا بڑی احتیاط کا تقاضا کرتا ہے۔ استاد کا اپنا شعری ذوق اور وزن و آہنگ کے زیر و بم سے آگاہی جیسے اوصاف تدریسِ نظم کا عمل خاصا دل چسپ اور سہل بنا سکتے ہیں۔ نظم کی تدریس میں درج ذیل اقدامات تجویز کیے جاتے ہیں۔

**1) تمہید**

**(الف) شاعر کا مختصر تعارف**

**(ب) نظم کا مختصر تعارف**

**(ج) سابقہ معلومات کا جائزہ**

پیش نظر نظم کو سابقہ معلومات کے ساتھ مربوط کرنے سے طلبہ میں دل چسپی پیدا ہو گی اور وہ اس کے مطالعے کے لیے پوری طرح سے متوجہ ہو جائیں گے۔

### (د) استاد کی نظم خوانی

نظم کو پہلے استاد خود مؤثر انداز میں پیش کرے وہ پڑھتے ہوئے الفاظ کے زیر و بم اور تلفظ کو خاص طور پر مد نظر رکھے۔

استاد کو شاعر کے وزن و آہنگ یعنی اس کے ترنم اور لحن سے خوب آشنا ہونا چاہیے۔ وہ با آسانی واضح کر سکے کہ کہاں شعر کا وزن ٹوٹ رہا ہے، کہاں الفاظ ملا کر پڑھنا ہے، اور کہاں رکنا ہے۔ طلبہ استاد کے اندازِ پیش کش ہی کی نقل کرتے ہیں اس لیے استاد کی نظم خوانی ہر لحاظ سے عمدہ اور مثالی ہونی چاہیے۔

### (ہ) طلبہ کی نظم خوانی

استاد کے بعد طلبہ بھی استاد کی پیروی میں نظم کو اسی انداز میں پڑھنے کی کوشش کریں۔ استاد کو چاہیے کہ جماعت میں ذہین اور لائق پر خوش خواں طالب علم کو پہلے نظم پڑھنے کا کہے تاکہ کم ذہین اور کم زور طلبہ بھی دوبارہ نظم خوانی سے اپنی اصلاح کر سکیں۔ اس طرح ان میں بھی نظم خوانی کا حوصلہ پیدا ہو گا۔

### (و) اصلاح تلفظ

طلبہ جن الفاظ کے تلفظ میں غلطی کریں، استاد انھیں تختہ تحریر پر لکھتا جائے اور ان پر حرکات و اعراب بھی لگاتا جائے تاکہ بعد میں طلبہ کی اصلاح کرا دی جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ دیکھنا بھی ضروری ہے کہ کیا طلبہ شعروں کے وزن کا خیال رکھتے ہیں؟ ان کا لب و لہجہ درست ہے؟ پڑھنے کی رفتار مناسب ہے؟ وغیرہ۔

### (ز) معانی/توضیحات

مشکل الفاظ و محاورات کے معانی کی فہرست یا تو تختہ تحریر پر تیار کی جائے یا الفاظ و معانی کے چارٹ کی مدد سے انھیں بلند آواز سے پڑھ کر سنا دیا جائے۔ استاد کی کوشش یہ ہونی چاہیے کہ وہ الفاظ کے معانی اخذ کرنے میں طلبہ کو بھی شریک کرے تاکہ ان میں تحقیق و جستجو کا مادّہ پیدا ہو۔

### (ک) تفہیم و تشریح

شعروں کی تفہیم و تشریح میں اشعار کی وضاحت نظم کا مرکزی خیال اور نظم کی تلخیص شامل ہے۔

## For Reference: لرننگ سائیکل کی فہرست برائے حوالہ

| لرننگ سائیکل | عنوانات |
|---|---|
| 1 | سننا |
| 2 | بولنا |
| 3 | پڑھنا |
| 4 | پڑھنا |
| 5 | لکھنا |
| 6 | زبان شناسی |
| 7 | تقریر |
| 8 | تنقید و استحسان |
| 9 | تخلیقی تحریر |
| 10 | مہارات حیات |
| 11 | اوصافِ خوش خوانی |
| 12 | اقسامِ الفاظ |
| 13 | تدریسِ املا و خوش خطی |
| 14 | تدریسی معاونات و سرگرمیاں |
| 15 | تدریسِ نظم |
| 16 | تدریسِ مطالعہ |
| 17 | تدریسِ مضمون نویسی |
| 18 | تدریسِ اردو بہ ذریعۂ کھیل |
| 19 | تدریسِ اردو میں ٹیکنالوجی کا استعمال |
| 20 | سوالات و آزمائش |

**Contact email address:**
kamranshah@iba-suk.edu.com

**School Education & Literacy Department (SE&LD)**
**Government of Sindh**